میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

اتوار، 03 رجب، 1437ھ | 10/04/2016 | نمبر: PR16021

حزب التحریر کے خلاف ظلم و ستم ختم کرو

ڈاکٹر افتخار کو رہا کرو جو 26 مئی 2015 سے پابند سلاسل ہیں

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے حزب التحریر کی ان شخصیات کو سامنے لانے کا سلسلہ شروع کیا ہے جو حکومت کے ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں، اور اس سلسلے میں ڈاکٹر افتخار کا مقدمہ پیش کر رہے ہیں۔

چالیس سالہ ڈاکٹر افتخار ایک میڈیکل ڈاکٹر ہیں۔ وہ شادی شدہ اور تین بچوں کے باپ ہیں۔ انہیں 26 مئی 2015 کو لاہور میں "گُھرکی ہسپتال" سے اس وقت گرفتار کیا گیا جب وہ وہاں اپنے علاج کے سلسلے میں گئے ہوئے تھے۔

ڈاکٹر افتخار ایک معزز معالج ہیں۔ انہوں نے گریجویشن راولپنڈی میڈیکل کالج سے کی۔ وہ گُھرکی ہسپتال میں بحیثیت رجسٹرار اور لاہور میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج میں ایک تیکنیکی عہدے پر فائز تھے۔

ڈاکٹر افتخار کو السر کی شدید تکلیف ہے جس کے نتیجے میں ان کے جسم سے خون نکلنا شروع ہو جاتا ہے اور وہ شدید کمزوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس بیماری کے علاج کے لئے وہ بہت طاقتور ادویات استعمال کرتے ہیں جس میں روزانہ سٹیرائڈز اور سیکلو سپیرین کا استعمال بھی شامل ہے۔ انہیں مستقل بنیادوں پر سرجن سے معائینہ کرانا پڑتا ہے کیونکہ صحت کی خرابی کی بنا پر انہیں اپنی آنتوں کا کسی بھی وقت ہنگامی بنیادوں پر آپریشن کروانے کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

شدید اور مستقل تکلیف کے باوجود ڈاکٹر افتخار پاکستان میں خلافت کے قیام کی سیاسی جدوجہد میں پیش پیش رہے۔ اسلام کی وسیع اور گہری معلومات، امت کے دکھ درد کا شدید احساس رکھنے، انکساری اور اخلاص کی بنا پر وہ اپنے اہل و اعیال، ساتھیوں اور شاگردوں میں انتہائی احترام کی نظروں سے دیکھے جاتے ہیں۔

شدید بیماری کے باوجود جیل میں ڈاکٹر افتخار کو مناسب طبی سہولیات کی فراہمی میں رکاوٹ ڈالی جا رہی ہے۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ویب: http://HTmediaPAK.page.tl
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK4
ویب: www.hizb-pakistan.com
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK